فارماسسٹ کا عورت کو انجکشن لگانا کیسا؟

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُولِ اللّٰہِ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میں فارماسسٹ ہوں اور میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ میں عورت کو انجکشن لگا سکتا ہوں ؟

سائل: ابراہیم (انگلینڈ)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَوَالصَّوَاب

آپ کا عورت کو انجکشن لگانا جائز ہے کہ انجکشن لگانے میں نامحرم عورت کو دیکھنا اور چھونا پڑتا ہے اور ہمارے فقہاء کرام نے ضرورت کی وجہ سے ڈاکٹر کو نامحرم مریضہ کی مرض کی جگہ کو دیکھنے اور چھونے کی اجازت دی ہے ۔

جیسا کہ فقہِ حنفی کی معتبرکتاب ہدایہ میں ہے۔**"وَیَجُوزُ لِلطَّبِیبِ أَنْ یَنْظُرَ إلَی مَوْضِعِ الْمَرَضِ مِنْهَالِلضَّرُورَةِ"**

طبیب کو جائز ہے کہ وہ نامحرم عورت کی مرض والی جگہ کو دیکھے یہ جواز ضرورت کی وجہ سے ہے۔

(ہدایہ کتاب الکراہیۃ ج4 ص60)

اور بہار شریعت میں ہے : اجنبیہ عورت کی طرف نظر کرنے میں ضرورت کی ایک صورت یہ بھی ہے کہ عورت بیمار ہے اس کے علاج میں بعض اعضا کی طرف نظر کرنے کی ضرورت پڑتی ہے بلکہ اس کے جسم کو چھونا پڑتا ہے۔ مثلاً نبض دیکھنے میں ہاتھ چھونا ہوتا ہے یا پیٹ میں ورم کا خیال ہو تو ٹٹول کر دیکھنا ہوتا ہے یا کسی جگہ پھوڑا ہو تو اسے دیکھنا ہوتا ہے بلکہ بعض مرتبہ ٹٹولنا بھی پڑتا ہے اس صورت میں موضع مرض کی طرف نظر کرنا یا اس ضرورت سے بقدر ضرورت اس جگہ کو چھونا جائز ہے ۔

(بہارشریعت ج 3 ص447)

وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Date:18-10-2018

How is it for a pharmacist to administer an injection to a woman?

الحمد لله والصلوة والسلام على رسول الله

QUESTION:

What do the scholars of the Dīn and muftīs of the Sacred Law state regarding the following issue: I am a pharmacist and wish to ask whether I am allowed to administer injections to females?

Questioner: Ibrahim from U.K.

ANSWER:

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

It is permissible for you to administer injections to females as one has to look at and touch non-Mahram women in order to do this task, and our respected jurists have permitted the looking and touching of a non-Mahram patient in the relevant affected areas for a doctor.

Just as it is stated stated in the highly reputable of Hanafī Fiqh - al-Hidāyah -

"وَيَجُوزُ لِلطَّبِيبِ أَنْ يَنْظُرَ إلَى مَوْضِعِ الْمَرَضِ مِنْهَالِلضَّرُورَةِ"

"It is permissible for a doctor to look at the area affected by an illness for a non-Mahram woman; this permissibility is on the basis of need"

[al-Hidāyah, vol 4, pg 60]

In a like manner, it is stated in Bahār-e-Sharī'at that another circumstance wherein one is allowed to look towards a non-Mahram woman is in the situation of illness, where she is ill and there is a need to look towards certain parts of her body, and there also arises the need to touch certain parts of the body. For example, one has to touch the hands to check the pulse or if there is the notion of their being swelling in the stomach, then to feel the stomach becomes necessary or if there is a sore (wound) on any part, then it needs to be seen and, in some cases, one also needs to feel it. In such a condition, to look at the area of the illness and based on this necessity, to touch that area is also permissible.

[Bahār-e-Sharī'at, vol 3, pg 447]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri
Translated by Haider Ali